- A number of varieties were converted into cytoplasmic male sterile and restorer lines. An enhancer factor (F) was also identified and inserted into potential male parent. Bumble bees were used for pollination to avoid the expensive work of manual pollination. But it was concluded that bumble bees population greatly varied from year to year, resulting from a mixture of hybrid and self-pollinated seed. Experiments were conducted to release additional population of honeybee in cotton field. It was noted that the native bees visited fertile flowers more frequently than the sterile flowers, whereas honeybees visited sterile flowers more frequently.
- The genetic male sterility system was also tried, but elimination of fertile plants remained an issue. Most work was focused on intraspecific *hirsutum* crosses, interspecific crosses between *G. hirsutum* and *G. barbdense* was also tried, but pollination remained an issue because bees visited the yellow coloured flower of *barbadense* male parent more frequently than the *hirsutum* parent. Perfect pollination could not be achieved and inexpensive hybrid seed production remained a problem.
- Studies have revealed that cotton plant expresses heterosis in varying magnitude, depending on the character. In yield, it is generally believed that on an average of 20% heterosis is manifested in most of the cases. If that is the case, then expensive F1 hybrid seed production does not justify because:
- It requires hand pollination which becomes expensive in terms of labour cost.
- Natural cross pollination in our country hardly reaches 1 to 5% which is not adequate for hybrid seed production.
- Use of Genetic and cytoplasmic male sterility pose problems in that, the sterile anthers do not secret nectars hence insect pollinators are not attracted to visit the flowers for effective pollination.
- Gamatocides use is not economical.
- Gametocides creat similar problems as explained for male sterility systems.

Where is Hybrid Cotton Successful?

- Hybrid cotton with emasculation can only be successful in the countries where labour is cheaper like in India where school going children during vacations do the crossing.
- In Pakistan, USA and other countries where labour is expensive, thus production of F1 hybrid seed is expensive and farmers do not afford to buy the seed.
- However, if hybrid cotton becomes a real dream for us, it is utmost important to identify the parent which show higher combining ability estimates, especially in specific combinations.

PARA-WILT IN COTTON

Sabahat Hussain

Among the different physical disorders in cotton are leaf reddening, leaf and boll drying, bad boll opening, crazy top, crinkle leaf bad boll opening, parawilt /new wilt, bud and boll shedding and mineral nutrient deficiency/toxicity. Para wilt is most threatening the cotton farmers and cause of huge loss with the introduction of BT-cotton varieties. It is not an associated syndrome of BT-cotton but there higher production level is reason behind that it is one of the major problems of that why there crop suddenly die even though everything suitable for the crop even some time the extension workers and field person also get confuse with symptoms of para wilt and they suppose that it's any disease outbreak.

Sudden wilt, it is a common term which are used when plant suddenly die at flowering and fruit filling stage. Para wilt mainly occurs due to sudden imbalance between the water demand of plant and its supply. It is totally different from the normal wilting which are due to lack of moisture that is a gradual process and easy to control but in case of para wilt plant die suddenly due to excessive water. Due to excessive water anaerobic condition creates and oxygen supply to the plant root gets check. Whatever oxygen available in the root zone consumed by the microorganism within few hours of the rain and plant roots blocked. Because of respiration process of plant roots stopped. Plants unable to take water even though; there is no deficiency of water in root zone.

Sudden rainfall or apply the excess water to the crops through irrigation supported by the poor soil condition, rapid growth of plant at grand growth stage and bright sunshine/hot air temperature initiated the sudden wilting. It is soil blow atmosphere continuum related issue. The sudden wilt in cotton is characterized by a premature death of top leaves followed by collapse of the plant. Wilting of leaves can be seen within a few hours of rain fall and it looks like that field burn due to wind fire. Wilted plants eventually shed all their leaves and are left with small immature fruits If para wilt occurs just prior to harvest, bolls may forcefully open but will not ripen fully leading to poor quantity and unmark ably quality. It is difficult to control the para wilt because it has several reasons.

- Cultivation of susceptible varieties.
- Higher demand for nutrients and moisture
- Prolonged dry spell with high temperature and sunlight followed by soil saturation due to heavy downpour or irrigation
- Wilt incidence is high in heavy clayey and deep soils
- Incidence is more in ill drained soils as compared to well drained soils

Detailed investigation on isolation, distribution pattern and pathogen transmission proved that fungi, bacteria, virus and nematodes were not involved in this malady. The etiology of parawilt could not be proved till recently mainly because of its random occurrence and inability to simulate the wilt under artificial conditions. Only we need to teach our farmers that how we can avoid wilting and one thing once plant get

wilted it's impossible to recover except some case in early stage but that also face heavy reduction in the overall yield.

Parawilt Affected Plants

Large Canopy Plant	Heavy Boll Load Plant

Suggestions which farmers can avoid para wilting

- Use of resistant varieties
- Farmers should avoid the application of excess water because it cause development of roots at the surface level and chance of parawilt increases if farmers apply heavy irrigation at the time of flowering
- Cobalt Chloride @ 10µgmL-1 water on the Parawilt affected different transgenic Bt cotton varieties.
- For hard drained soil like clayey and salty soil farmers must insure their proper drainage.
- Excessive use of farm yard manure and fertilizers may be avoided in heavy soils
- Inhibit excessive vegetative growth

جلد نمبر – 2
شمارہ نمبر – 4

GOLDEN JUBILEE CELEBRATIONS
1970 - 2020

پاکستان کاٹن گروؤر

اکتوبر۔دسمبر 2019ء

عالمی یوم کپاس 7 اکتوبر



سنٹرل کاٹن ریسرچ اِنسٹی ٹیوٹ، ملتان، پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

وَكَانَ امْرَأً تَنَصَّرَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، وَكَانَ يَكْتُبُ الْكِتَابَ الْعِبْرَانِيَّ، فَيَكْتُبُ مِنَ الإِنْجِيلِ بِالْعِبْرَانِيَّةِ مَا شَاءَ اللَّهُ أَنْ يَكْتُبَ، وَكَانَ شَيْخًا كَبِيرًا قَدْ عَمِيَ، فَقَالَتْ لَهُ خَدِيجَةُ: يَا ابْنَ عَمِّ، اسْمَعْ مِنَ ابْنِ أَخِيكَ، فَقَالَ لَهُ وَرَقَةُ: يَا ابْنَ أَخِي، مَاذَا تَرَى، فَأَخْبَرَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَبَرَ مَا رَأَى، فَقَالَ لَهُ وَرَقَةُ: هَذَا النَّامُوسُ الَّذِي نَزَّلَ اللَّهُ عَلَى مُوسَى صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَا لَيْتَنِي فِيهَا جَذَعًا،

جوان کے چچازاد بھائی تھے اور زمانہ جاہلیت میں نصرانی مذہب اختیار کر چکے تھے اور عبرانی زبان کے کاتب تھے، چنانچہ انجیل کو بھی حسب منشائے خداوندی عبرانی زبان میں لکھا کرتے تھے۔ (انجیل سریانی زبان میں نازل ہوئی تھی پھر اس کا ترجمہ عبرانی زبان میں ہوا۔ ورقہ اسی کو لکھتے تھے) وہ بہت بوڑھے ہو گئے تھے یہاں تک کہ ان کی بینائی بھی رخصت ہو چکی تھی۔ خدیجہ رضی اللہ عنہا نے ان کے سامنے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حالات بیان کیے اور کہا کہ اے چچازاد بھائی! اپنے بھتیجے (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) کی زبانی ذرا ان کی کیفیت سن لیجیئے وہ بولے کہ بھتیجے آپ نے جو کچھ دیکھا ہے، اس کی تفصیل سناؤ۔ چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے از اول تا آخر پورا واقعہ سنایا، جسے سن کر ورقہ بے اختیار ہو کر بول اٹھے کہ یہ تو وہی ناموس (معزز راز دان فرشتہ) ہے جسے اللہ نے موسیٰ علیہ السلام پر وحی دے کر بھیجا تھا۔ کاش، میں آپ کے اس عہد نبوت کے شروع ہونے پر جوان عمر ہوتا۔

(صحیح البخاری۔ باب 1، حدیث 3)

(جاری ہے)

PAKISTAN COTTON GROWER

پاکستان کاٹن گروؤر

جلد نمبر – 2
شمارہ نمبر – 4

اکتوبر۔دسمبر 2019ء

ترتیب مضامین

1 ۔ ادار یہ ---------------------- 2
2 کپاس کی پیداوار میں کمی کا سبب: بڑھتی پیداواری لاگت اور کم قیمت فروخت 3
ڈاکٹر زاہد محمود، ڈائریکٹر، سی سی آر آئی، ملتان
3 کپاس کی چنائی کے بعد گلابی سنڈی کا تدارک 5
ڈاکٹر رابعہ سعید، انچارج، شعبہ حشریات، سی سی آر آئی، ملتان۔
4 **سی آئی ایم**- 343 8
5 **سی آئی ایم**-663 9
6 **سی آئی ایم**-678 10
7 **سی آئی ایم**-789 11
8 **سی آئی ایم**-303 12
9 کپاس کے بیج کو ذخیرہ کرنے کے لیے سفارشات 13
ڈاکٹر محمد نوید افضل، محمد طارق، ڈاکٹر محمد احمد، شعبہ ایگرانومی
10 عالمی یوم کپاس 7 اکتوبر 2019 14
ساجد محمود، سربراہ شعبہ ٹرانسفر آف ٹیکنالوجی

سرپرست
ڈاکٹر خالد عبداللہ

مدیر اعلیٰ
ڈاکٹر زاہد محمود

مدیر
عبداللطیف شیخ

مدیران
ڈاکٹر نوید افضل
ڈاکٹر محمد ادریس خان
ڈاکٹر فیاض احمد
مسز صباحت حسین
ڈاکٹر رابعہ سعید
محمد الیاس سرور
ساجد محمود

رابطہ کار
زاہد خان

سنٹرل کاٹن ریسرچ انسٹی ٹیوٹ، پرانا شجاع آباد روڈ، ملتان۔ پاکستان
+92 61 920 0340 | www.ccri.gov.pk | ccri.multan@yahoo.com

اداریہ

بہتر قیمتوں کے حصول کیلئے کپاس سے آلودگی کم کرنا

پاکستانی روئی کو کم معیاری ہونے کی وجہ سے بین الاقوامی مارکیٹ میں کم قیمت ملتی رہی ہے۔ ریشے کی لمبائی، نفاست، اور فیصد آلودگی قیمتوں کا تعین کرتی ہیں۔ کپاس میں موجود آلودگی ٹیکسٹائل مصنوعات کی تیاری کے تمام اقدامات کو منفی طور پر متاثر کرتی ہے۔ پاکستانی کپاس میں آلودگی کی مقدار 19 – 18 گرام فی گانٹھ پائی جاتی ہے۔ جبکہ انٹرنیشنل مارکیٹ کا معیار 2.5 گرام فی گانٹھ تک ہے۔ اس کی وجہ سے پاکستانی کپاس انٹرنیشنل مارکیٹ میں B-Grade تصور کی جاتی ہے۔ جس کا اچھی اور صاف ستھری کپاس کی نسبت ریٹ کم ملتا ہے۔ اور کپاس کم قیمت پر فرخت ہونے سے ہر سال پاکستان کو 4 – 2 ارب ڈالرز نقصان ہوتا ہے۔ اگر کپاس سے آلودگی کو مقررہ حد تک کر دیا جائے تو 15 – 10 فیصد کپاس کی زیادہ قیمت مل سکتی ہے۔

کپاس میں موجود آلودگی کے ذرائع انسانی بال، پولی پراپلین فائبر، خشک پتے، ٹوٹے ہوئے برز، بیج کوٹ، مٹی کے ذرات اور دھول وغیرہ شامل ہیں جو کپاس کی نقل و حرکت کے دوران مختلف مراحل پر روئی کے ساتھ مل جاتے ہیں۔ روئی میں موجود آلودگی کی سب سے بڑی وجوہات جن میں کپاس چننے والی خواتین کی عملی تربیت کی کمی، ماحول کی صفائی کا نہ ہونا، کپاس کی نقل و حمل کے لئے پولی پراپلین اور پٹ سن کے تھیلوں کا استعمال، کوالٹی کنٹرول اور اس عمل کی ناقص نگرانی شامل ہیں۔ آلودگی کی وجہ سے کپاس کی جننگ فیکٹریوں میں رولرز کے چلنے میں رکاوٹ، رنگنے اور صفائی کا اضافی خرچہ وغیرہ شامل ہیں۔

کپاس کو آلودگی سے پاک کرنے کے لئے چنائی کرنے والی خواتین کی تربیت، کپاس کی نقل و حمل کے لئے کپاس کے تھیلے کا استعمال، ہر قسم کا علیحدہ اسٹور کرنا، اور کپاس سے نمی کم کرنے کے لئے دھوپ میں سکھانا بھی اہم ہیں۔ اس کے علاوہ کپاس چننے والی خواتین کو صاف کپاس چننے پر زیادہ معاوضہ دینے، جننگ فیکٹریوں اور ٹیکسٹائل انڈسٹری کسانوں کو صاف چنائی کے عوض زیادہ قیمت کو یقینی بنانا بھی شامل ہیں۔ ان سب اقدامات کی بدولت نہ صرف ہم کپاس کی کوالٹی بہتر بنا کر بین الاقوامی مارکیٹ سے اچھی قیمت حاصل کر سکتے ہیں۔ اور کسان کو بھی اچھا معاوضہ مل سکتا ہے۔

کپاس کی پیداوار میں کمی کا سبب: بڑھتی پیداواری لاگت اور کم قیمت فروخت

ڈاکٹر زاہد محمود، ڈائریکٹر، سی سی آر آئی، ملتان

پاکستان کی معیشت میں کپاس کی اہمیت کسی شک وشبہ سے بالاتر ہے۔ زرمبادلہ کا بیشتر انحصار اور لاتعداد فیکٹریوں کے چلنے اور ان سے منسلک لاکھوں لوگوں کا روزگار کپاس کی بہتر پیداوار سے جڑا ہوا ہے۔ کپاس کی پیداوار میں کمی یا بڑھوتری کا اثر تمام ملکی شعبہ جات پر پڑتا ہے۔ کپاس کی کاشت اور تجارت سے منسلک تین اہم ستون جن میں کاشتکار، جنرز اور ٹیکسٹائل انڈسٹری شامل ہیں کو کپاس کی خرید و فروخت کے وقت مسائل کا سامنا رہتا ہے۔ کاشتکاروں کو کپاس کی کم قیمت فروخت کی شکایت رہتی ہے جبکہ جنرز کو پھٹی میں ملاوٹ، کن کی کم مقدار، روئی کی خراب کوالٹی اور مکسڈ اقسام جیسے مسائل کا سامنا ہوتا ہے۔ اسی طرح ٹیکسٹائل انڈسٹری کو بھی خام مال کی خریداری کے وقت روئی پر پیلے رنگ کا اثر، خراب معیار کا دھاگہ، کم طاقت والا ریشہ، نمی کی زیادہ مقدار اور آلودگی کا شامل ہونا جیسی مشکلات رہتی ہیں۔ اگرچہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں متعلقہ سٹیک ہولڈرز کے مسائل حل کرنے کی بھرپور کوشش کرتی رہی ہیں لیکن کپاس کی پیداوار میں کوئی خاطر خواہ اضافہ نہیں کیا جا سکا بلکہ ان مسائل کی وجہ سے ملکی پیداوار میں تقریباً 25 تا 30 فیصد تک کمی واقع ہو چکی ہے۔ زرعی مداخل جن میں کھاد، بیج، زرعی زہروں، ٹیوب ویل کے لیے بجلی کے ریٹ، ڈیزل وغیرہ کی بڑھتی ہوئی قیمت کی وجہ سے کپاس کی پیداواری لاگت میں بہت زیادہ اضافہ ہوا ہے۔ جس سے کسان کے لیے اب کپاس کی کاشت بھی منافع بخش نہیں رہی اور اسی وجہ سے کپاس کی پیداوار اور رقبے میں کمی واقع ہو رہی ہے۔ پچھلے کئی سالوں سے کپاس کے مرکزی علاقہ جات میں چاول (10-12 فیصد)، مکئی (35-50 فیصد) اور گنا (25-40 فیصد) کی کاشت میں اضافہ دیکھا گیا ہے۔ جبکہ انہی علاقوں میں کپاس کی کاشت میں 25 فیصد کے لگ بھگ کمی واقع ہو چکی ہے۔ اتنی زیادہ کپاس کی کاشت اور پیداوار میں کمی کی بنیادی وجہ کپاس کی پیداواری لاگت میں اضافہ جبکہ اس کی قیمت فروخت میں مسلسل کمی ہوتی رہی ہے۔ چاول اور گنا جیسی فصلیں جو پانی کی بہت زیادہ مقدار استعمال کرتی ہیں یہ فصلات زمین کی زرخیزی پر بھی برا اثر ڈالتی ہیں۔ جبکہ کپاس کی فصل ملکی معیشت کے استحکام اور لاکھوں لوگوں کے روزگار کے ساتھ ساتھ کسانوں کی آمدنی کا بھی اہم ذریعہ ہے۔ اس لیے اس فصل کی کاشت سے منسلک پیداواری اور مارکیٹنگ کے مسائل کا حل بے حد ضروری ہے۔ اسی طرح حالیہ چند سالوں میں ڈالر کی قیمت بڑھنے سے بھی زرعی زہروں کی درآمدی قیمت بھی بڑھ گئی ہے جس کی وجہ سے کسانوں کو کیڑوں کو کنٹرول کرنے کے لیے زرعی زہریں بہت مہنگی مل رہی ہیں۔ زہروں کی بڑھتی قیمتوں کے پیش نظر ان کے استعمال میں کمی واقع ہوئی ہے اور کیڑوں خاص طور پر سفید مکھی، گلابی سنڈی، اور دیگر کیڑوں کا موثر کنٹرول نہیں ہو سکا جس سے پیداوار پر برا اثر پڑا۔ پاکستان میں کپاس کی پیداواری لاگت کا ہمسایہ ممالک سے اگر موازنہ کیا جائے تو پاکستان میں کپاس کی پیداوار کا فی ایکڑ خرچہ 76525 روپے جبکہ روئی (Lint) کی قیمت فروخت 195 روپے فی کلوگرام ہے۔ جبکہ بھارت میں فی ایکڑ خرچہ 18659 روپے اور کپاس کی قیمت فروخت 276 روپے فی کلوگرام ہے۔

ملک	پیداواری لاگت (روپے خرچہ فی ایکڑ)	کپاس کی قیمت فروخت (فی کلوگرام)
پاکستان	76525	195
چین	70276	274
بھارت	18659	276

ذریعہ معلومات: CFCGroup China, TNAU India, PCCC Pakistan

کپاس کے کاشتکاروں کو کپاس کی فصل کی برداشت کے وقت نہ صرف کم قیمت ملتی ہے بلکہ ملکی ٹیکسٹائل انڈسٹری اس وقت دیگر ممالک سے کپاس درآمد کرنا شروع کر دیتی ہے۔ جس سے کپاس کی مقامی قیمتوں پر برا اثر پڑتا ہے اور کسان کو اس کی محنت کا بہت کم معاوضہ ملتا ہے۔ اس کے علاوہ ملکی ٹیکسٹائل انڈسٹری بھی بین الاقوامی مارکیٹ میں رائج قیمتوں سے بہت حد تک کم قیمت کسانوں کو ادا کرتی ہے۔ درج زیل جدول سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ کسانوں کو ہر سال بین الاقوامی مارکیٹ کی نسبت کم وبیش 1500-2000 روپے کم ملتے ہیں۔ جس سے کسانوں کو ہر سال تقریبا 50-35 ارب کا نقصان ہوتا ہے۔

کپاس کی کم قیمت فروخت کی وجہ سے کاشتکاروں کا سالانہ نقصان

سال	کپاس کی بین الاقوامی مارکیٹ میں قیمت (روپے فی 40 کلوگرام)	کپاس کی پاکستانی مارکیٹ میں قیمت (روپے فی 40 کلوگرام)	کاشتکاروں کے نقصان کا تخمینہ (ارب روپے)
2019	10229	9142	50
2018	9290	7911	63
2017	7149	6381	41
2016	6704	6072	32
2015	6104	5139	48

ذریعہ معلومات: (Cotlook, KCA)

کپاس کی پیداوار آنے والے سالوں میں بڑھانے کے لیے ضروری ہے کہ حکومت دیگر فصلات کی طرح کپاس کی مناسب امدادی قیمت کا اعلان کرے۔ اسی طرح جس طرح گندم کی فصل کے لیے کیا جاتا ہے۔ جب گندم کی قیمت 100 تا 300 روپے تھی تو گندم کی ملکی پیداوار ہماری ضروریات کو بھی پورا نہیں کر سکتی تھی۔ جب سے گندم کی امدادی قیمت 900 سے 1300 روپے تک مقرر کی گئی تو گندم کی ملکی پیداوار میں بے پناہ اضافہ ہوا اور اب گندم ہماری ضروریات سے کہیں زیادہ پیدا ہو رہی ہے۔ یہ بھی ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ جن سالوں میں حکومت نے کپاس کی امدادی قیمت کا اعلان کیا اس وقت کسانوں کو فصل کے اچھے ریٹ ملے، اس سال کپاس کی پیداوار میں بھی اضافہ دیکھنے کو ملا ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ کپاس کی فصل کی ملکی معیشت میں اہمیت کے پیش نظر اس کی امدادی قیمت کا اعلان کیا جائے۔ امدادی قیمت کپاس کی پیداواری لاگت اور کسانوں کے لیے منافع رکھ کر اعلان کیا جائے۔ کپاس کی امدادی قیمت کے اعلان کے ساتھ ساتھ حکومت کو چاہیے کہ وہ Trading Corporation of Pakistan (TCP) کو بھی فعال کرے تا کہ وہ کپاس کی فصل کی خریداری کے لیے بروقت انتظام کر سکے۔

کپاس کی چنائی کے بعد گلابی سنڈی کا تدارک

ڈاکٹر رابعہ سعید، انچارج، شعبہ حشریات، سی سی آر آئی، ملتان۔

اہمیت:

گلابی سنڈی کو فصل پر حملے کی نوعیت اور شدت کے اعتبار سے کپاس کے انتہائی ضرر رساں کیڑوں میں شمار کیا جاتا ہے۔ یہ کیڑا دنیا میں کپاس کاشت کرنے والے اکثر مما لک میں پایا جاتا ہے۔ برصغیر پاک وہند میں اسے سب سے پہلے 1942 میں ریکارڈ کیا گیا ہے۔ یہ سنڈی صرف 20 تا 30 فیصد پیداوار کم ہی نہیں کرتی بلکہ ریشہ کی خصوصیات پر بھی اثر انداز ہوتی ہے اس کی وجہ سے ہر سال تقریباً دس لاکھ گانٹھیں جن کی مالیت تقریباً پچیس سے تیس ارب روپے کا نقصان اٹھانا پڑتا ہے۔ اور بین الاقوامی منڈی میں نرخ کم ملتا ہے۔

گلابی سنڈی کا پروانہ گہرے بھورے رنگ کا ہوتا ہے۔ اس کی سنڈی کا رنگ شروع میں سفید ہوتا ہے جو بعد میں گلابی رنگ اختیار کر لیتی ہے۔ یہ کیڑا سنڈی کی حالت میں کپاس کیلئے اصل نقصان کا باعث ہوتا ہے۔ مادہ پروانہ شروع میں کلیوں پر انڈے دیتی ہے۔ انڈے سے بچہ نکلنے کے بعد کلی میں کھانا شروع کر دیتا ہے۔ جس سے یا تو وہ بغیر کھلے ہی گر جاتی ہیں یا مدھانی نما پھول کی شکل میں حملہ ظاہر ہوتا ہے۔ جب ٹینڈے آنا شروع ہوتے ہیں تو یہ ٹینڈوں پر حملہ کرتی ہیں اور ان میں داخل کر بیج کو کھانا شروع کر دیتی ہے۔ ستمبر اکتوبر میں اس کی تعداد کپاس کے کھیتوں زوروں پر ہوتی ہے۔ آخر نسل کی سنڈیاں موسم سرما میں باریک خول میں زمین پر گھاس پھونس یا کپاس کی چھڑیاں کے ساتھ لگے بچے کھچے ٹینڈوں میں اور دو یا دو سے زیادہ بیجوں کو جوڑ کر 4 سے 8 ماہ تک سرمائی نیند سوئی رہتی ہیں۔ چنانچہ موسم سرما میں ان خوابیدہ سنڈیوں کو تلف کر دیا جائے تو آئندہ فصل پر اس کا نہایت خوسگوار اثر پڑے گا۔

منتقلی کے ذرائع

1۔ بچے کھچے ٹینڈے

2 - i) کپاس کی چھڑیاں ii) کھیت میں موجود باقیات

3۔ ڈبل سیڈ

4۔ جننگ ویسٹ

انسداد

کپاس کی بوائی سے پہلے اور کٹائی کے بعد مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کر کے گلابی سنڈی کے نقصان کو کافی حد تک کم کیا جا سکتا ہے۔
اکثر دیکھا گیا ہے کہ زمیندار کپاس کی فصل کے بعد چھڑیوں کی کٹائی پر چنداں توجہ نہیں دیتے اور کافی دیر تک چھڑیاں کھیتوں میں کھڑی رہتی ہیں۔ اگر کاٹ بھی لی جائیں تو وہیں کھیتوں میں پڑی رہتی ہیں۔ اور کیڑے مکوڑوں کی جائے پناہ بن جاتی ہیں۔ یہی دراصل گلابی سنڈی کا منبع ہیں۔ مختلف تجربات کے نتیجے میں ثابت ہوا ہے کہ سرمائی نیند کی حالت میں کپاس کے ان بچے کھچے ٹینڈوں میں گلابی سنڈی کی تعداد تقریباً 6 ہزار سے 21 ہزار فی ایکڑ تک پائی گئی ہے۔ جو کہ آئندہ آنے والی فصل کے لئے نقصان دہ ہے۔ اس لئے نہایت ضروری ہے کہ موسم سرما میں گلابی سنڈی کو مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کر کے خوابیدہ حالت میں ہی تلف کر دیا جائے۔ اور یہی اس کا موثر انسداد ہے۔

1۔ کپاس کی آخری چنائی کے بعد کھیت میں بکریوں کا ریوڑ چھوڑ دیں تا کہ یہ چھڑیاں پر لگے ہوئے اور زمین پر گرے ہوئے بچے کھچے ٹینڈوں کو کھا جائیں اور ان میں موجود سنڈیاں تباہ ہو جائیں۔

2۔ چھڑیوں پر موجود ٹینڈے اور زمین پر گرے ہوئے ٹینڈوں کو جمع کر کے جلا دیا جائے جس سے ان میں موجود سنڈیاں تلف ہو جائیں گی۔ کوشش کی جائے 31 جنوری تک چھڑیوں کی کٹائی مکمل کر لی جائے۔

3۔ 15 فروری سے پہلے چھڑیاں کاٹنے کے فوری بعد کھیت میں مٹی پلٹنے والا ہل چلا دیں۔ تا کہ زمین پر گرے ہوئے ٹینڈوں اور گھاس پھونس میں چھپی ہوئی سنڈیاں اور کویا مٹی میں دب کر ختم ہو جائیں۔

4۔ زمیندار چھڑیوں کو بطور ایندھن استعمال کے لئے رکھنا چاہئیں تو ضروری ہے کہ چھڑیوں کو چھوٹے چھوٹے گٹھوں میں عمودی طور پر کھڑا کریں اور ان کے مڈھ نیچے کی طرف ہوں تا کہ ان پر دھوپ اچھی طرح پڑے اور رہے سہے کیڑے مر جائیں۔

5۔ گرمیاں شروع ہونے پر چھڑیوں کو الٹ پلٹ کرنے سے بھی گلابی سنڈی کی تلفی میں مدد ملتی ہے۔

6۔ بچے کھچے ٹینڈوں کی تلفی کے لئے مکینکل بول پکر (Mechanical Boll Picker) ایک نئی اور موثر ٹیکنالوجی ہے۔ جو کہ سی سی آر آئی ملتان نے پاکستان نے پہلی بار متعارف کروائی ہے اس نہ صرف گلابی سندی کا خاتمہ ہو گا بلکہ کسانوں کے لئے ایندھن کا مسئلہ بھی حل ہو جائے گا۔

7۔ گلابی سنڈی کے لاروے اور کویا کے انسداد کے لئے سردیوں میں ایک مرتبہ کھیت کو پانی ضرور لگائیں۔

8۔ ذخیرہ شدہ کپاس کے بیج کو ایلومینیم فاسفائیڈ کی گولیوں (30/1000 cubic feet) سے فیومیگیٹ کریں۔ تا کہ ڈبل سیڈ میں موجود گلابی سنڈی مر جائے

9- جننگ فیکٹریوں میں کپاس کے کچرے میں سنڈیاں چھپی ہوتی ہیں اس کچرے کو 31 مارچ تک تلف کر دیا جائے اور ممکنہ حد تک کھیت میں نہیں ڈالنا چاہیے بلکہ جلا دینا چاہیے۔

10- اس لئے 5 ایکٹر کے بلاک میں ایک جنسی پھندہ لگائیں تا کہ سارا سال گلابی سنڈی کے پروانوں کا بروقت مشاہدہ کیا جا سکے۔

11- صرف تصدیق شدہ بیج استعمال کریں

12- یکم اپریل سے قبل کپاس ہرگز کاشت نہ کریں۔ تا کہ مئی تک نکلنے والے پروانے بغیر خوراک کے ہی مر جائیں۔

13- بوائی سے پہلے بیج کو 2,3 دن تک دھوپ میں پھیلا دیں۔ تا کہ ان میں سوئی ہوئی سنڈیاں تلف ہو جائیں۔

14- تیزاب سے بیج کا بر اتار لیں ایسا کرنے سے حملہ شدہ بیج آسانی سے علیحدہ کی جا سکتا ہے۔

15- ترقی یافتہ ممالک میں مصنوعی طور پر ایسے مرکبات جن کو فیرامونز (Pheromones) کہتے ہیں تیار کئے گئے ہیں جن کی بو مادہ کیڑے کے جسم سے نکلنے والی بو سے مشابہت رکھتی ہے۔ کپاس کی فصل پر گلابی سنڈی کے تدراک کا موثر طریقہ گوسی پلور ہے جو کہ ایک فیرامون ہے۔ اس کے استعمال سے نر پروانہ جنسی ملاپ کے لئے مادہ پروانہ کو تلاش نہیں کر سکتا اور اس طرح جنسی ملاپ نہ ہونے سے کیڑے کی فزائش نسل نہیں ہو سکتی۔ امریکہ اور مصر جیسے ممالک میں ان فیرامونز کو گلابی سنڈی کے تدراک کے لئے استعمال کیا جا رہا ہے۔ ہمارے ملک میں بھی اس پر کام شروع ہو چکا ہے جس کے حوصلہ فزاء نتائج برآمد ہوئے ہیں۔ لیکن تحقیق ابھی جاری ہے اس طریقہ کی کامیابی کی صورت میں کیمیائی ادویات پر بہت حد تک انحصار کم ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ ان فیرامونز کو جنسی پھندوں کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے جن کے ذریعے گلابی سنڈی کے حملہ کی شدت کا اندازہ لگانے میں مدد ملتی ہے۔

سی آئی ایم ۔ 343

سال اجراء	2019
فصل کا دورانیہ	160-170 دن
بیج کی ساخت	بیضوی
پیداواری صلاحیت من فی ایکڑ	40-50
مناسب زمین	میرا
مناسب وقت کاشت	یکم اپریل سے 15 مئی
کاشت کے وقت کھاد (فی ایکڑ)	1 بوری DAP
پودوں کا درمیانی فاصلہ (انچ) ڈرل کاشت کھیلیوں پر	1 فٹ، 1 فٹ
کاشت کے بعد نائٹروجن اور دیگر کھادوں کے ڈالنے کے اوقات اور مقدار (فی ایکڑ)	30 دن بعد : ایک بوری DAP اور ایک بوری پوٹاش 45 دن بعد : ایک بوری یوریا 60 دن بعد : ایک بوری یوریا 80 دن بعد : ایک بوری امونیم سلفیٹ یا CAN 100 دن بعد : ایک بوری یوریا
گرمی برداشت کرنے کی صلاحیت	مناسب
ابتدائی پھل ضائع ہونے کی صورت میں مداوے کی صلاحیت	بہترین
آبپاشی کی ضرورت	مناسب
☆ بجائی کے بعد پہلی آبپاشی (دن) ڈرل کھیلیوں پر	25-30 دن بعد بوقت کاشت
☆ بعد ازاں آبپاشی کا وقفہ (دن) وٹوں پر کھیلیوں پر	12-15 دن بعد ، 8-7 دن بعد
آخری آبپاشی	15-20 اکتوبر
پودے کا قد	درمیانہ
پودے کی شکل وشباہت	ثمر دار شاخوں والا
پتوں کی جسامت اور رنگ	درمیانی اور سبز
پھل اٹھانے کا وقت	جون، جولائی
ٹینڈے کی جسامت اور وزن	درمیانی 3 گرام
مائیکرونیئر	4.3
ریشہ کی لمبائی (ملی میٹر)	31.0
کپن فیصد	40.3
رس چوسنے والے کیڑوں کا حملہ	قدرے کم
ٹینڈوں کی سنڈیوں کا حملہ	انتہائی کم



سی آئی ایم-663

سال اجراء	2019
فصل کا دورانیہ	170-180 دن
بیج کی ساخت	بیضوی
پیداواری صلاحیت من فی ایکڑ	45-50
مناسب زمین	میرا
مناسب وقت کاشت	15 اپریل سے 15 مئی
کاشت کے وقت کھاد (فی ایکڑ)	1 بوری DAP
پودوں کا درمیانی فاصلہ (انچ) ڈرل کاشت کھیلیوں پر	1 فٹ، 1 فٹ
کاشت کے بعد نائٹروجن اور دیگر کھادوں کے ڈالنے کے اوقات اور مقدار (فی ایکڑ)	30 دن بعد : ایک بوری DAP اور ایک بوری پوٹاش 45 دن بعد : ایک بوری یوریا 60 دن بعد : ایک بوری یوریا 80 دن بعد : ایک بوری امونیم سلفیٹ یا CAN 100 دن بعد : ایک بوری یوریا
گرمی برداشت کرنے کی صلاحیت	مناسب
ابتدائی پھل ضائع ہونے کی صورت میں مداوے کی صلاحیت	بہترین
آبپاشی کی ضرورت	مناسب
☆ بجائی کے بعد پہلی آبپاشی (دن) ڈرل کھیلیوں پر	25-30 دن بعد بوقت کاشت
☆ بعد ازاں آبپاشی کا وقفہ (دن) وٹوں پر کھیلیوں پر	12-15 دن بعد 7-8 دن بعد
آخری آبپاشی	15-20 اکتوبر
پودے کا قد	درمیانہ
پودے کی شکل وشباہت	
پتوں کی جسامت اور رنگ	درمیانی اور سبز
پھل اٹھانے کا وقت	یکم جولائی سے
ٹینڈے کی جسامت اور وزن	درمیانی 3 گرام
مائیکرونیئر	4.4
ریشہ کی لمبائی (ملی میٹر)	28.8
کن فیصد	38.3
رس چوسنے والے کیڑوں کا حملہ	قوت مدافعت
ٹینڈوں کی سنڈیوں کا حملہ	انتہائی کم

سی آئی ایم-678

سال اجراء	2019
فصل کا دورانیہ	165-175 دن
بیج کی ساخت	بیضوی
پیداواری صلاحیت من فی ایکڑ	40-50
مناسب زمین	میرا
مناسب وقت کاشت	15 اپریل سے 15 مئی
کاشت کے وقت کھاد (فی ایکڑ)	1 بوری DAP
پودوں کا درمیانی فاصلہ (انچ) ڈرل کاشت کھیلیوں پر	1 فٹ، 1 فٹ
کاشت کے بعد نائٹروجن اور دیگر کھادوں کے ڈالنے کے اوقات اور مقدار (فی ایکڑ)	30 دن بعد : ایک بوری DAP اور ایک بوری پوٹاش 45 دن بعد : ایک بوری یوریا 60 دن بعد : ایک بوری یوریا 80 دن بعد : ایک بوری امونیم سلفیٹ یا CAN 100 دن بعد : ایک بوری یوریا
گرمی برداشت کرنے کی صلاحیت	مناسب
ابتدائی پھل ضائع ہونے کی صورت میں مداوے کی صلاحیت	بہترین
آبپاشی کی ضرورت	بوقت ضرورت
☆ بجائی کے بعد پہلی آبپاشی (دن) ڈرل کھیلیوں پر	25-30 دن بعد بوقت کاشت
☆ بعد ازاں آبپاشی کا وقفہ (دن) وٹوں پر کھیلیوں پر	12-15 دن بعد 7-8 دن بعد
آخری آبپاشی	اکتوبر کے دوسرے ہفتے
پودے کا قد	5-6 فٹ
پودے کی شکل وشباہت	مخروطی شکل
پتوں کی جسامت اور رنگ	درمیانی اور سبز
پھل اٹھانے کا وقت	جولائی
ٹینڈے کی جسامت اور وزن	درمیانی – 3.5 3 گرام
مائیکرونیئر	4.4
ریشہ کی لمبائی (ملی میٹر)	28.7
کن فیصد	38.5
رس چوسنے والے کیڑوں کا حملہ	قوت مدفعت
ٹینڈوں کی سنڈیوں کا حملہ	انتہائی کم

سی آئی ایم-789

سال اجراء	2019
فصل کا دورانیہ	165-170 دن
بیج کی ساخت	بیضوی
پیداواری صلاحیت من فی ایکڑ	40-45
مناسب زمین	میرا
مناسب وقت کاشت	15 اپریل سے 15 مئی
کاشت کے وقت کھاد (فی ایکڑ)	1 بوری DAP
پودوں کا درمیانی فاصلہ (انچ) ڈرل کاشت کھیلیوں پر	1 فٹ، 1 فٹ
کاشت کے بعد نائٹروجن اور دیگر کھادوں کے ڈالنے کے اوقات اور مقدار (فی ایکڑ)	30 دن بعد: ایک بوری DAP اور ایک بوری پوٹاش 45 دن بعد: ایک بوری یوریا 60 دن بعد: ایک بوری یوریا 80 دن بعد: ایک بوری امونیم سلفیٹ یا CAN 100 دن بعد: ایک بوری یوریا
گرمی برداشت کرنے کی صلاحیت	مناسب
ابتدائی پھل ضائع ہونے کی صورت میں مداوے کی صلاحیت	بہترین
آبپاشی کی ضرورت	بوقت ضرورت
☆ بجائی کے بعد پہلی آبپاشی (دن) ڈرل کھیلیوں پر	25-30 دن بعد بوقت کاشت
☆ بعد ازاں آبپاشی کا وقفہ (دن) وٹوں پر کھیلیوں پر	12-15 دن بعد 7-8 دن بعد
آخری آبپاشی	15-20 اکتوبر
پودے کا قد	5-6 فٹ
پودے کی شکل و شباہت	مخروطی شکل
پتوں کی جسامت اور رنگ	درمیانی اور سبز
پھل اٹھانے کا وقت	یکم جولائی سے
ٹینڈے کی جسامت اور وزن	درمیانی 3 گرام
مائیکرونیئر	4.4
ریشہ کی لمبائی (ملی میٹر)	28.6
گن فیصد	38.7
رس چوسنے والے کیڑوں کا حملہ	قوت مدافعت
ٹینڈوں کی سنڈیوں کا حملہ	انتہائی کم

سی آئی ایم-303

سال اجراء	2019
فصل کا دورانیہ	165-160 دن
بیج کی ساخت	بیضوی
پیداواری صلاحیت من فی ایکڑ	45-50
مناسب زمین	میرا
مناسب وقت کاشت	15 اپریل سے 15 مئی
کاشت کے وقت کھاد (فی ایکڑ)	1 بوری DAP
پودوں کا درمیانی فاصلہ (انچ) ڈرل کاشت کھیلیوں پر	1 فٹ، 1 فٹ
کاشت کے بعد نائٹروجن اور دیگر کھادوں کے ڈالنے کے اوقات اور مقدار (فی ایکڑ)	30 دن بعد : ایک بوری DAP اور ایک بوری پوٹاش 45 دن بعد : ایک بوری یوریا 60 دن بعد : ایک بوری یوریا 80 دن بعد : ایک بوری امونیم سلفیٹ یا CAN 100 دن بعد : ایک بوری یوریا
گرمی برداشت کرنے کی صلاحیت	مناسب
ابتدائی پھل ضائع ہونے کی صورت میں مداوے کی صلاحیت	بہترین
آبپاشی کی ضرورت	بوقت ضرورت
☆ بجائی کے بعد پہلی آبپاشی (دن) ڈرل کھیلیوں پر	25-30 دن بعد بوقت کاشت
☆ بعد ازاں آبپاشی کا وقفہ (دن) ڈرل پر کھیلیوں پر	12-15 دن بعد 7-8 دن بعد
آخری آبپاشی	15-20 اکتوبر
پودے کا قد	5-6 فٹ
پودے کی شکل و شباہت	Compact
پتوں کی جسامت اور رنگ	درمیانی اور سبز
پھل اٹھانے کا وقت	یکم جولائی سے
ٹینڈے کی جسامت اور وزن	درمیانی 3 گرام
مائیکرونیئر	4.3
ریشہ کی لمبائی (ملی میٹر)	28.9
کن فیصد	38.9
رس چوسنے والے کیڑوں کا حملہ	قوت مدافعت
ٹینڈوں کی سنڈیوں کا حملہ	انتہائی کم

کپاس کے بیج کو ذخیرہ کرنے کے لیے سفارشات

ڈاکٹر محمد نوید افضل، محمد طارق، ڈاکٹر محمد احمد، شعبہ ایگرانومی

کپاس پاکستان کی بہترین نقد آور فصل ہے۔ یہ کپڑا بنانے کی صنعتوں میں خام مال کے علاوہ خوردنی تیل کا بھی بہت بڑا ذریعہ ہے اس کے بیج کے اوپر موجود روئی پانی کو جذب کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے اس خصوصیت اور بیج کے اندر تیل ہونے کی وجہ سے بیج کا اگاؤ بہت جلد متاثر ہوتا ہے جو کہ ملکی سطح پر ایک بہت بڑا چیلنج بن چکا ہے بیج کے اگاؤ کو بہتر رکھنے کے لیے دوسرے عوامل کے ساتھ ساتھ اس کی معیاری ذخیرہ اندوزی بہت ضروری ہے۔ جس سے بیج کے اگاؤ میں خاطر خواہ بہتری لائی جا سکتی ہے۔ مندرجہ ذیل سفارشات پر عمل کر کے بیج کو بہتر طریقے سے ذخیرہ کیا جا سکتا ہے۔

- ★ کپاس کے کاشتکار کے لیے بہتر ہے کہ پھٹی کی بجائے بیج کو ذخیرہ کیا جائے تا کہ کم جگہ میں زیادہ بیج ذخیرہ ہو سکے۔
- ★ کپاس کے بیج کو سورج کی روشنی میں اچھی طرح دھوپ لگوائی جائے تا کہ وہ پوری طرح خشک ہو جائے۔
- ★ گلابی سنڈی یا دیگر کسی سنڈی یا بیماری سے متاثرہ ٹینڈوں کو بیج کے لیے استعمال نہ کیا جائے۔
- ★ آخری چنائی والی پھٹی کو بیج کے لیے ہرگز استعمال نہ کیا جائے۔ کیونکہ اسکا بنولہ کمزور ہوتا ہے۔
- ★ بوریوں پر کپاس کی قسم کی نشاندہی ضرور کی جائے تا کہ بیج ملاوٹ سے پاک ہو۔
- ★ بیج کو ذخیرہ کرنے سے پہلے اس کا اگاؤ معلوم کر لیں اور صرف اچھے اگاؤ والا بیج ذخیرہ کریں۔
- ★ سٹور ہوادار اور اس کا فرش پختہ ہونا چاہیے۔
- ★ سٹوریج کا درجہ حرارت $15.5^{o}C$ سے کم ہونا چاہیے۔ اور نمی دس فیصد تک رہنی چاہیے۔
- ★ سٹور میں رکھے گئے بیج میں نمی کا تناسب 8 سے 10 فیصد ہونا چاہیے۔
- ★ بیج کو پٹ سن کی بوریوں میں ذخیرہ کیا جائے اور براہِ راست فرش پر بوریاں رکھنے سے پرہیز کریں، بوریوں کو لکڑی کے ریک پر رکھا جائے اور بوریوں کی قطاروں کا درمیانی فاصلہ کم از کم 2 فٹ ہونا چاہیے۔ تا کہ ہوا کا گزر ہو سکے۔
- ★ بیج کی بوریاں سٹور کی دیواروں کے ساتھ جڑی ہوئی نہ ہوں۔ تا کہ دیوار اور بوریوں کے درمیان ہوا کا گزر ہو سکے۔
- ★ سٹوریج والی جگہ پر Rodents (چوہے وغیرہ) کا مکمل تدارک کیا جائے۔
- ★ کپاس کے بیج کو ذخیرہ کرے سے پہلے سٹور کی Fumigation کر لینی چاہیے۔

عالمی یوم کپاس 7 اکتوبر 2019

ساجد محمود، سربراہ شعبہ ٹرانسفر آف ٹیکنالوجی

کپاس پاکستان کی ایک اہم نقد آور فصل ہے۔اس کو پاکستان میں سلور فائبر (چاندی) کہا جاتا ہے کیونکہ خام کپاس، کاٹن یارن، کاٹن ویسٹ دھاگے، کپڑے، ریڈی میڈ گارمنٹس اوراس سے بننے والی ٹیکسٹائل کی دیگر بہت سی مصنوعات کی ایکسپورٹ کا ہماری کل ملکی برآمدات میں حصہ تقریباً 60 فیصد سے زائد ہے۔ کپاس کی فصل سے فائبر ،فوڈ، فیول اور جانوروں کی خوراک کے حصول کے علاوہ یہ کسانوں کی آمدنی اوراس کی بوائی سے لیکر چنائی تک لاکھوں لوگوں کو ملازمتوں کی فراہمی کا اہم ذریعہ ہے۔اس کے علاوہ ملکی سطح پر ٹیکسٹائل صنعت، جننگ فیکٹریوں، خوردنی تیل نکالنے کے کارخانے اوران سے متعلقہ دوسری صنعتوں میں تقریباً 40 فیصد روزگار کے مستقل مواقعوں کا ذریعہ بھی کپاس ہے۔ یہ کہنا بالکل بجا ہے کہ کپاس قومی اقتصادیات کی بقا کا باعث ہے۔کیونکہ اس کی بدولت ملک بھر میں تقریباً 450 ٹیکسٹائل ملیں، 1245 روئی بیلنے کے کارخانے، لاکھوں کی تعداد میں اسپنڈلز اور پانچ ہزار سے زائد تیل نکالنے والے یونٹوں کو خام مال مہیا ہو رہا ہے۔ملکی سطح پر پیدا کئے جانے والے ویجی ٹیبل آئل میں اس کا حصہ 55 فیصد ہے۔ کپاس کی فصل کی ترقی حکومت کی اہم ترجیح ہے اورحکومت کپاس کی تحقیق اور ترقی کے لئے لانگ ٹرم پالیسی پر عمل پیرا ہے۔

دنیا بھر میں کپاس پیدا کرنے والے ممالک اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کی طرف سے 7 اکتوبر کو کپاس کا عالمی دن بڑے جوش وخروش طریقے سے منایا گیا۔ کپاس کے عالمی دن کو بین الاقوامی سطح پر منانے کے لئے چار افریقی ممالک کینا فاسو، چاڈ، مالی اور بینن نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے درخواست دی تھی۔ کپاس کو عالمی اجناس کی اہمیت کے پیش نظر جنرل اسمبلی کی اکثریتی رائے نے درخواست کی منظوری دیتے ہوئے" عالمی یوم کپاس" بین الاقوامی سطح پر 7 اکتوبر کو منانے کا اعلان کیا گیا۔

وزارت تحفظ خوراک وتحقیق اسلام آباد، پاکستان کے ذیلی ادارے پاکستان سنٹرل کاٹن کمیٹی (پی سی سی) نے بھی عالمی یوم کپاس بھرپور طریقے سے منایا اوراس سلسلے میں کاٹن کمشنر و وائس پریذیڈنٹ پی سی سی ڈاکٹر خالد عبداللہ کی خصوصی ہدایات پر ملک بھر میں پاکستان سنٹرل کاٹن کمیٹی کے ماتحت کپاس کے ریسرچ اداروں نے کپاس کے عالمی دن کو منانے کے لئے خصوصی انتظامات کئے گئے اوراس موقع پر پی سی سی کے ماتحت اداروں نے ملک بھر میں کپاس کے عالمی یوم کے موقع پر ریلیاں بھی نکالیں۔ (ورلڈ ٹریڈ آرگنائزیشن) ڈبلیو ٹی او نے دنیا بھر میں منائے جانے والے کپاس کے عالمی دن کی میزبانی کی۔ ڈبلیو ٹی او نے 7 اکتوبر کو ایف اے او، یونائیٹڈ نیشن کانفرنس آن ٹریڈ اینڈ

ڈیولپمنٹ، آئی ٹی سی اور انٹرنیشنل کاٹن ایڈوائزری کمیٹی کے باہمی تعاون سے ان اداروں کے دفاتر میں کپاس کے عالمی دن کے حوالے سے مختلف تقریبات کے انعقاد کا پروگرام ترتیب دیا گیا۔

کپاس کے عالمی دن کے موقع پر قدرتی فائبر کی اہمیت، کپاس کی پیداوار میں اضافہ اور اس کے فروغ اور کپاس سے منسلک کاشتکاروں اور بزنس کی مستقبل کے پیش نظر بین الاقوامی اہمیت، خوراک کی کمی کے اسباب کو دور کرنا اور کپاس کی صنعت اور اس کی مانگ کو عالمی معیار کے مطابق بنائے جانے بارے خصوصی سیمینارز اور تقریبات کے ذریعے دنیا بھر کے لوگوں میں کپاس کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا۔ کپاس کے عالمی دن کو بین الاقوامی سطح پر کپاس پیدا کرنے والے ہر ملک نے اپنی اپنی سطح پر تقریبات منعقد کیں جبکہ ورلڈ ٹریڈ آرگنائزیشن نے اپنے ہیڈ کوارٹر میں ورلڈ کاٹن ڈے جوش و خروش سے منایا۔

سنٹرل کاٹن ریسرچ انسٹیٹیوٹ، ملتان نے عالمی یوم کپاس کے موقع پر رنگا رنگ تقریبات کا اہتمام کیا جس میں کپاس کی اہمیت کے حوالہ سے ادارہ ہذا میں مختلف کمپنیوں کی طرف سے زرعی نمائشی اسٹال لگائے گئے، زرعی سائنسدانوں کی طرف سے کپاس کی اہمیت کے پیش نظر تقاریر کی گئیں اور مختلف اسکول کے بچوں کے درمیان کپاس کی اہمیت بارے تقاریری مقابلے کرائے گئے اور انعامات بھی تقسیم کئے گئے، مختلف پروگرام ٹیبلو، پوسٹرز مقابلہ، کھانے پینے کے اسٹال لگائے گئے اور پرانا شجاع آباد روڈ پر کاٹن واک کا اہتمام بھی کیا گیا جس میں زرعی ماہرین کے علاوہ زندگی کے مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

ملتان! عالمی یوم کپاس کے شرکاء سے ڈائریکٹر سنٹرل کاٹن ریسرچ انسٹیٹیوٹ ملتان ڈاکٹر زاہد محمود اور دیگر مقررین خطاب کر رہے ہیں

ملتان! عالمی یوم کپاس کے موقع پر سی سی آر آئی ملتان کی طرف سے شرکاء کاٹن واک میں شریک ہیں

ملتان! عالمی یوم کپاس کے موقع پر سی سی آر آئی ملتان میں مختلف سکولوں کے بچوں کے درمیان تقریری مقابلہ کا انعقاد ہوا

Subscription Form

"Pakistan Cottongrower"

(Annual Fee = Rs. 350/-)

Payment Enclosed:

By Cash ______ By Draft ______ By Pay Order ______ By Money Order ______

Name: ____________________

Address: ____________________

Phone: ____________________ Fax: ____________________

Email: ____________________

The Managing Editor
Pakistan Cottongrower
Central Cotton Research Institute
Old Shuja Abad Road, Multan
Phone: 061-9200340/41
Email: ccri.multan@yahoo.com

Signature: ____________________

Date : ____________________